صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 22 مئی 2017ء بمطابق 25 شعبان 1438 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلرَّحْمٰنُ O عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ O خَلَقَ الْاِنْسَانَ O عَلَّمَهُ الْبَیَانَ O اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ O وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدَانِ O وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیزَانَ O اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیزَانِ O وَاَقِیمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیزَانَ O وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ O فِیهَا فَاکِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَکْمَامِ۔

(ترجمہ): (خدا جو) نہایت مہربان۔ اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔ کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو۔ اور اسی نے خلقت کیلئے زمین بچھائی۔ اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِیمِ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ اشۡرَحۡ لِی صَدۡرِیO وَیَسِّرۡ لِیۤ أَمۡرِیO وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّن لِّسَانِیO یَفۡقَهُواْ قَوۡلِی۔ We will start with Questions/Answers session.
Najma Shaheen Bibi, your first Question.

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

Madam Deputy Speaker: Question number is 4992-----

محترمہ نجمہ شاہین: میڈم! کوسچن نمبر بولنے سے پہلے میں ضلع کوہاٹ میں ہونے والے اس واقعے کی جو کہ دہشتگردی کا ایک واقعہ پیش آیا ہفتے کے روز جس میں ضلع لاچی کا ایس ایچ او اور ایڈیشنل ایس ایچ او اور اس کے ساتھ دو پولیس اہلکار دہشتگردی کا نشانہ بن گئے اور چاروں شہید ہوگئے۔ میں یہاں سے درخواست کرتی ہوں کہ ان کیلئے خصوصی دعا کی جائے اور سانحے میں ہم پولیس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، اپنے ضلع کے پولیس کے ساتھ برابر کے شریک ہیں ان کے غم میں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، مفتی جانان صاحب! دعا کریں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ میډم! زه به دعا وکړم خو خان الله خان یو ډیر بہادر ایس ایچ او او د پولیس یو ډیر ښه آفیسر وو۔ هغه چونکه هنګو کښې ډیر وخت تیر کړے دے او د هغوی په دلیرئ باندې د هنګو هغه ټول خلق ګواه دی۔ هغه که نن مړ دے ان شاء الله هغه مړ نه دے ، هغه چې کوم تاریخ او کوم یادونه خلقو کښې پریښې دی ان شاء الله هغه به ډیر وخته پورې یاد وی او زه د هغه بہادرئ ته د دې اسمبلئ په فلور باندې خراج تحسین پیش کوم او د هغوی خاندان سره په غم او درد کښې د هغوی په تکلیف کښې مونږ مکمل شریک یو۔

(اس مرحلہ پر پولیس کے شہداء کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امین۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Madam Deputy Speaker: Before we start the 'Questions hour', I just want to say, I thing that even today we received the Questions, the answers very late, like 03:25 pm کچھ Answers ملے ہیں، میں اپنے سیکرٹری

صاحب! امان صاحب! اس کے بعد اگر کوئی کوئسچن چوبیس گھنٹے نہ آئے، اس کو Blank چھوڑا کریں، ختم بس، Enough is enough، ختم ہو گیا۔ جی، نجمہ بی بی!

* 4992 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر ماہی پروری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں مچھلی کی افزائش نسل کیلئے فارم بنایا گیا ہے جس میں ملازمین بھی بھرتی کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کوہاٹ میں مذکورہ فارم کی پوزیشن کیا ہے، اس کی کارکردگی کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز محکمہ ماہی پروری کوہاٹ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنے ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں، آیا یہ بھرتی مروجہ قوانین اور ضوابط کے تحت کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے ماہی پروری) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں مچھلی کی افزائش کیلئے (فش ہیچری) فارم 1978 میں ایک چھوٹا یونٹ قائم کیا گیا تھا جس کو مزید جدید سائنسی خطوط پر استوار کرنے کیلئے ترقیاتی سکیموں سال 1986 تا 1989، 1995 تا 1998 اور 2014 تا 2018 کے ذریعے استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے۔

(ب) موجودہ مچھلی فارم (فش ہیچری) جس کا رقبہ 12.4 ایکڑ پر محیط ہے، اس کی سالانہ مچھلی بچہ پیداوار مصنوعی نسل کشی کے ذریعے تقریباً چھ لاکھ مچھلی پونگ ہے جس پر پورا کوہاٹ ڈویژن انحصار کرتا ہے۔ یہ پونگ (بچہ مچھلی) ہر سال کوہاٹ کے سات ڈیموں (تاندہ ڈیم، دروازئی ڈیم، گنڈیالی ڈیم، چندہ فتح خان ڈیم، درملک ڈیم، کنڈر ڈیم اور ایگزلری کنڈر ڈیم) میں ڈالا جاتا ہے اور اس کے علاوہ ضلع کرک میں بھی سات ڈیموں (زیبی ڈیم، شرکی ڈیم، غول ڈیم، کرک ڈیم کرک، چنغوز ڈیم، لواغر ڈیم اور مردان خیل ڈیم) اور ضلع ہنگو کے نریاب ڈیم میں ڈالا جاتا ہے اور قدرتی ندی نالوں میں سٹاکنگ اور پرائیویٹ مچھلی فارموں کو بھی مہیا کیا جاتا ہے۔ ان تمام مندرجہ بالا ڈیموں کے حقوق ماہی گیری کو نیلام عام فشریز رولز 1976 کے تحت ٹھیکہ پر دیا جاتا ہے۔ ان ڈیموں، پرائیویٹ فش فارموں اور قدرتی ندی نالوں سے ٹنوں کے حساب سے تازہ مچھلی حاصل کی جاتی ہے جس سے نہ صرف لوگوں کو روزگار، خوراک (پروٹین) شکار مچھلی اور تفریحی مواقع

مہیا ہوتے ہیں بلکہ خیبر پختونخوا کے سرکاری خزانے میں لاکھوں روپے کی آمدن کا ذریعہ بھی ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

2012-13	2013-14	2014-15	2015-16	2016-17
0928ملین	3.756ملین	4.15ملین	5.910ملین	6.377ملین

پچھلے پانچ سالوں کے دوران کسی قسم کے ملازمین کی بھرتی عمل میں نہیں لائی گئی ہے اور موجودہ ملازمین جو مچھلی فارم (فش ہیچری) میں کام کرتے ہیں، وہ بیس سال پہلے بھرتی کئے گئے ہیں۔

محترمہ نجمہ شاہین: کوسچن نمبر4992۔ یہاں میں نے مچھلی کی افزائش کے بارے میں اور فارم کے بارے میں جواب مانگا تھا، انہوں نے جواب تو مجھے تفصیل سے دیا ہے، اس سے تو میں اتفاق کرتی ہوں کہ کیونکہ جگہ جگہ آج کل فش پوائنٹس بنے ہوئے ہیں لیکن اس میں جو انہوں نے پچھلے پانچ سالوں میں کوئی بھرتی نہیں ہوئی بلکہ بیس سال پہلے کی بھرتیاں جو ابھی تک چل رہی ہیں تو میں اس کے بارے میں ذرا ایک یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ آخر ابھی تک اس میں کیوں بھرتی نہیں ہوئی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، امتیاز قریشی صاحب! آپ کو۔۔۔۔۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): میڈم سپیکر صاحبہ! نجمہ شاہین صاحبہ نے جو کوسچن کیا ہے ہم نے تفصیلاً اس کا جواب ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے۔ میں کہتا ہوں یہ اس فشری ڈیپارٹمنٹ کی بہت بڑی Efficiency ہے، اگر یہ ڈیٹیل آپ دیکھیں جی تو 2012-13 میں صرف نو لاکھ 88 ہزار روپے پھر 2013-14 میں 30 لاکھ، 2014-15 میں تقریباً 40 لاکھ جبکہ 2016-17 ہماری یہ رقم بڑی 63 لاکھ سے بھی زیادہ یعنی چھ گنا زیادہ ہماری یہ Improvement ہوئی ہے یہاں پہ، اس کے علاوہ یہ بہت بڑی بات ہے کہ پانچ سال میں، گزشتہ پانچ سالوں میں ہم نے کوئی بھرتی نہیں کی، جب پوسٹ Available نہیں ہے تو کیوں بھرتی کی جائے، اس سے پہلے گورنمنٹ میں بھرتیاں ہوئی ہیں وہی چلی آرہی ہیں تو میرے خیال میں اس سے بہتر Reply تو میڈم صاحبہ! دوسرا کوئی نہیں ہو سکتا ہے۔ تو ڈیٹیل اس میں دی ہوئی ہے میرے خیال میں کہ میڈم اس سے مطمئن ہوں گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: مطمئن ہوں لیکن یہ بھرتیاں جو نہیں ہوئیں، بھرتیاں ہوئی ہیں لیکن وہ ریکارڈ میں آپ لوگ نہیں بتا رہے کہ بھرتیاں ہوئی ہیں اس میں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر قانون: میڈم! بالکل Reply لیں، لاسٹ پیرا میں دیکھیں تو یہ لکھا ہے کہ پچھلے پانچ سالوں کے دوران یہ اوپن اسمبلی کے فلور پہ ہم Reply دے رہے ہیں، ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے کہ پچھلے پانچ سالوں کے دوران کسی قسم کے ملازمین کی بھرتی عمل میں نہیں لائی گئی ہے اور اگر کوئی ہے تو میڈم! بتائیں میں ابھی جو ہے کمیٹی کو ریفر کر دیتا ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نجمہ بی بی! اگر ڈیپارٹمنٹ میں ضرورت نہ ہو تو پھر بھرتیاں نہیں کی جاتیں، اگر بھرتیاں نہیں کی گئیں تو وہ تو ٹھیک ہے۔ آپ کیا کہتی ہیں کہ جگہ نہیں ہے اور بھرتیاں کریں مجھے سمجھ نہیں آئی؟

محترمہ نجمہ شاہین: نہیں نہیں، ایسی بات نہیں ہے میڈم! یہ کوسچن جو کیا جاتا ہے، مجھے باقی اس سے اتفاق ہے، تمام جواب سے متفق ہوں لیکن اس بھرتیوں والے سے نہیں ہوں کہ اس میں بھرتیاں ہوئی ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بھرتیاں ہوئی ہیں؟ Okay. What you will do, What you will do? Next time you bring بھرتیاں ہوئی ہیں کیونکہ فلور آف دی ہاوس پہ اگر ڈیپارٹمنٹ نے جھوٹ بولا ہے تو پکڑیں گے ہم، تو آپ Next اس میں لے آئیں، اگر بھرتیاں ہیں، ٹھیک ہے؟ Next Question پہ جائیں جی، نجمہ بی بی!

* 4996 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں زراعت کی ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہاٹ میں زراعت کی ترقی کیلئے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، نیز کوہاٹ میں امرود کے باغات تباہی سے دوچار ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈا پور (وزیر زراعت) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں پائیدار ترقی برائے تحفظ خوراک سکیم کے تحت درج ذیل زرعی ترقیاتی کام کئے گئے ہیں:

1۔ بے موسمی سبزیات کی کاشت کیلئے دو عدد ہائی روف ٹنل تعمیر کئے گئے ہیں۔

2۔ اعلیٰ و تصدیق شدہ بیج کے حصول کیلئے 200 ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کی گئی ہے۔

3۔ امسال 60 ایکڑ اراضی پر مختلف اقسام کے نئے پھلدار باغات کاشتکاروں کو لگائے جائیں گے۔

4۔ پھل مکھی کے تدارک کیلئے امرود کے باغات فروٹ فلائی ٹریپس کی تنصیب جاری ہے۔

5۔ رواں سال باغات کی بہتر نگہداشت کیلئے مختلف مقامات پر یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جائے گا۔

6۔ محکمہ زراعت اور زمیندار کی اشتراک کی بنیاد پر فروٹ نرسری فارم پر کام شروع ہے۔

ضلع کوہاٹ میں گندم کی تصدیق شدہ بیج کے حصول کیلئے زمینداروں کے ساتھ اشتراک کی بنیاد پر 187 ایکڑ رقبہ پر گندم کی اعلیٰ بیج کاشت کی گئی ہے۔ ضلعی حکومت کی فراہم شدہ فنڈ کے تحت بہادر کوٹ یونین کونسل میں 12 ایکڑ رقبہ پر گندم سیڈ پروڈکشن پلاٹس لگائے گئے۔

اس سال محکمہ نے 140 نٹ اعلیٰ گندم بیج ضلع بھر کے زمینداروں میں سرکاری نرخ پر فروخت کیا گیا ہے۔

ماڈل فارم سروسز سنٹر کوہاٹ کے تحت 182 کلو ترقی دادہ مونگ پھلی تخم بار (2011)، 715 بوری یوریا، 1376 بوری DAP، 150 بوری نائٹروفاس، 19 بوری NPK اور 609 لیٹر/پیکٹ زرعی ادویات رعایتی نرخ پر فروخت کئے ہیں۔

اس سال فروٹ نرسری فارم محکمہ زراعت کوہاٹ میں تقریباً 8000 مختلف اقسام کے پھلدار پودے کاشتکاروں کو سرکاری نرخ پر فراہم کئے جائیں گے۔

ضلع بھر کے ذیلی دفاتر میں مشاورتی خدمات کیلئے فیلڈ سٹاف کے ذریعے زرعی مشورے دینے کے علاوہ ماہانہ رسالہ زراعت سرحد اور مختلف زرعی لٹریچر بھی کاشتکاروں میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔

ضلع کوہاٹ میں امرود کے باغات کی تباہ کاری کی درج ذیل وجوہات ہیں:

- باغات کا رقبہ چونکہ بہت تیزی سے نئی آبادیوں میں تبدیل ہو رہا ہے جس کی روک تھام کیلئے قانون سازی کی ضرورت ہے۔

- موسمی تغیرات کی وجہ سے بڑے بڑے پودے شدید سردی میں کہر کی وجہ سے خشک ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔
- دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے نئی بیماریاں اور کیڑے مکوڑوں کا حملہ دیکھا گیا ہے،ان کے تدارک کیلئے زرعی ادویات کا استعمال ناگزیر ہے جو کہ اکثر باغبانوں کی قوت خرید سے باہر ہے۔
- دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے نئی بیماریاں اور کیڑے مکوڑوں کا حملہ دیکھا گیا ہے،ان کے تدارک کیلئے زرعی ادویات کا استعمال ناگزیر ہے جو کہ اکثر باغبانوں کی قوت خرید سے باہر ہے۔
- اکثر مالکان باغات کو سال یا دو سال کے اجارہ پر دے دیتے ہیں،اجارہ دار پودوں کی مناسب دیکھ بھال (گوڈی، کھاد اور بر وقت ادویات کا استعمال) نہ کرنے کے سبب امرود کے باغات متاثر ہوتے ہیں۔
- اکثر باغات گندے پانی کے نالوں سے آبپاش ہوتے ہیں جو کہ امرود کے پودوں پر منفی اثرات مرتب کرتے ہیں۔
- پھل مکھی کے تدارک کیلئے سارے زمیندار زہریلے پھندے بر وقت استعمال نہیں کرتے جس سے پھل کو کافی نقصان پہنچتا ہے۔

<u>محترمہ نجمہ شاہین:</u> یہاں بھی میں باقی جواب سے تو مجھے اتفاق ہے بالکل، یہ باقی انہوں نے جوابات جو دیئے ہیں لیکن اصل مسئلہ جو میں نے پوچھا ہے، وہ کوہاٹ کے امرود کے باغات کے بارے میں ہے۔ کوہاٹ کے امرود جو کہ پورے صوبے بلکہ پورے پاکستان میں بڑے مشہور تھے لیکن اس وقت ان کی فصل بالکل تباہ ہو چکی ہے۔ یہاں انہوں نے بڑے تفصیل سے جواب دیا ہے لیکن اس کا ذمہ دار کون ہے اور اس کی افزائش کو کیسے دوبارہ بحال کیا جائے گا؟

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جی، امتیاز صاحب!

<u>وزیر قانون:</u> جناب سپیکر صاحبہ! بہت Detailed reply ہے، انہوں نے شارٹ سا کوسچین کیا ہے جس کی تفصیلاً ڈیپارٹمنٹ نے اس کا جواب دیا ہے جیسا کہ "ضلع کوہاٹ میں پائیدار ترقی برائے تحفظ خوراک سکیم کے تحت درج ذیل زرعی ترقیاتی کام کئے گئے ہیں۔ بے موسمی سبزیات کی کاشت کیلئے دو عدد ہائی روف ٹنل تعمیر کئے گئے ہیں۔ اعلیٰ و تصدیق شدہ بیج کے حصول کیلئے 200 ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کی گئی ہے۔

امسال 60 ایکڑ اراضی پر مختلف اقسام کے نئے پھلدار باغات کاشتکاروں کو لگائے جائیں گے۔ پھل مکھی کے تدارک کیلئے امرود کے باغات فروٹ فلائی ٹریپس کی تنصیب جاری ہے۔ رواں سال باغات کی بہتر نگہداشت کیلئے مختلف مقامات پر یوم کاشتکاران کا انعقاد کیا جائے گا۔ محکمہ زراعت اور زمیندار کے اشتراک کی بنیاد پر فروٹ نرسری فارم پر کام شروع ہے۔ ضلع میں، کوہاٹ میں گندم کی تصدیق شدہ بیج کے حصول کیلئے زمینداروں کے ساتھ اشتراک کی بنیاد پر 187 ایکڑ رقبہ پر گندم کی اعلیٰ بیج کاشت کی گئی ہے۔ ضلعی حکومت کے فراہم شدہ فنڈ کے تحت بہادر۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امتیاز صاحب!

وزیر قانون: جی۔

Madam Deputy Speaker: She wanted to know about the Amrood.

یہ جو ہے اس کے باغات، وہ لاسٹ میں لکھا ہے نا، وہ ذرا پڑھیں۔

وزیر قانون: اس کا بھی یہ کہ "باغات کا رقبہ چونکہ بہت تیزی سے نئی آبادیوں میں تبدیل ہو رہا ہے جس کی روک تھام کیلئے قانون سازی کی ضرورت ہے۔ موسمی تغیرات کی وجہ سے بڑے بڑے پودے شدید سردی میں کہر کی وجہ سے خشک ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔ دنیا بھر میں ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے نئی بیماریاں اور کیڑے مکوڑوں کا حملہ دیکھا گیا ہے، ان کے تدارک کیلئے زرعی ادویات کا استعمال ناگزیر ہے جو کہ اکثر باغبانوں کی قوت خرید سے باہر ہے۔ اکثر مالکان باغات کو سال یا دو سال کے اجارہ پر دے دیتے ہیں۔ اجارہ دار پودوں کی مناسب دیکھ بھال (گوڈی، کھاد اور بروقت ادویات کا استعمال) نہ کرنے کے سبب امرود کے باغات متاثر ہوتے ہیں" تو کچھ Responsibilities جو ہیں تو یہ زمینداروں پہ بھی پڑتی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ڈیپارٹمنٹ کی جو Responsibility ہے، وہ ان شاءاللہ احسن طریقے سے پوری ہو رہی ہے، مزید بھی کوشش کریں گے کہ ہم نقصان سے بچ جائیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: اس میں میں نے یہی پوچھا ہے کہ اس کی تباہی کا ذمہ دار کون ہے یا پھر اس کو دوبارہ کیسے بحال کیا جائے گا، یہاں انہوں نے جواب دیا ہے کہ "باغات کا رقبہ بہت تیزی سے نئی آبادیوں میں تبدیل ہو رہا ہے جس کی روک تھام کیلئے قانون سازی کی ضرورت ہے"۔ تو یہ قانون سازی پھر کون کرے گا؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، امتیاز صاحب!

وزیر قانون: جی وہی کہہ رہا ہوں کہ ان شاءاللہ قانون سازی ہماری حکومت کی ذمہ داری ہے اور ان شاءاللہ کریں گے اس پہ، ابھی ہمیں ڈیپارٹمنٹ سے Reply آئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی جو تدارک گورنمنٹ کر سکتی ہے، ڈیپارٹمنٹ کر سکتی ہے وہ ان شاءاللہ ضرور کریں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، وہ کہہ رہے ہیں بالکل قانون سازی گورنمنٹ کا کام ہے اور تھینک یو، نجمہ بی بی کہ آپ نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے تو ان شاءاللہ اب قانون سازی کریں گے۔ Next Question Najma Shaheen!

* 4999 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں محکمہ لائیوسٹاک میں مختلف آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام بھرتی شدہ افراد کے نام، شناختی کارڈ، اخباری اشتہار اور ڈومیسائل بمہ لسٹ فراہم کیا جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈیویلپمنٹ ضلع کوہاٹ میں صرف درجہ چہارم کی مختلف سات آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے۔

(ب) اس ضمن میں مطلع کیا جاتا ہے کہ درجہ چہارم کی خالی آسامیاں مقامی ہونے کے ناطے اخبار میں اشتہار نہیں دیا گیا اور طے کردہ طریقہ کار کے مطابق باقاعدہ محکمانہ کمیٹی کے ذریعے ان آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے۔ حسب طلب دفتر روزگار ضلع کوہاٹ حاصل کردہ امیدواروں کی لسٹ، بھرتی شدہ ملازمین کی لسٹ بمع ان کے شناختی کارڈ، دفتر روزگار کارڈ، ڈومیسائل سرٹیفیکیٹس (مصدقہ نقول) منسلک کی گئی ہیں۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

محترمہ نجمہ شاہین: اس میں میں نے لائیوسٹاک سے متعلق مختلف آسامیوں اور بھرتیوں کے بارے میں پوچھا ہے تو یہاں تو انہوں نے جواب لکھا ہے، جواب تو دیا ہے لیکن اس کی لسٹ وغیرہ موجود نہیں ہے، اشتہار اور اس کی لسٹ جو ہے تو وہ مجھے نظر نہیں آرہی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: لسٹ تو میرے خیال میں یہاں پہ ہے اس میں، مفتی جانان صاحب! ضمنی کوئسچن۔

مفتی سید جانان: میڈم! آپ دیکھ لیں، اس میں لکھا ہے کہ اس ضمن میں مطلع کیا جاتا ہے کہ درجہ چہارم کی خالی آسامی مقامی ہونے کے ناطے اخبار میں اشتہار نہیں دیا گیا ہے، یہ میرے خیال میں ایسے تو ممکن نہیں ہے، اگر مقامی لوگ بھرتی کرنے ہیں یا دوسرے لوگ بھرتی کرنے ہیں تو اس کیلئے اشتہار تو دینا چاہیئے، یہ تو لازم ہے اشتہار دینا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: امتیاز قریشی صاحب!

وزیر قانون: میڈم سپیکر! عموماً کلاس فور یا تو اشتہار کے ذریعے ہوتے ہیں یا پھر ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے تھرو لسٹ منگوائی جاتی ہے اور اس کے اندر ایمپلائمنٹ ایکسچینج میں جو رجسٹرڈ لوگ ہوتے ہیں، پھر وہ اگر Apply کرتے ہیں تو پھر ان کو لیا جاتا ہے، تو یہ اگر دیکھا جائے اس کو کُسچن سے پہلے چونکہ یہ Connected ہے 4993 کے ساتھ، تو 4993 میں انہوں نے یہی کو کُسچن کیا ہے کہ لائیو سٹاک ضلع کوہاٹ کی ترقی کیلئے کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں اور یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ محکمے میں ملازمین بھی بھرتی کئے گئے ہیں۔ اس میں پھر تفصیل دی گئی ہے ڈیپارٹمنٹ نے کہ "جی ہاں، محکمہ لائیو سٹاک کی توسیع کوہاٹ میں مورخہ 2013 سے تاحال صرف سات درجہ چہارم بھرتی کئے گئے ہیں جبکہ لائیو سٹاک ریسرچ کوہاٹ میں چھ آسامیوں پر سابقہ پراجیکٹ ملازمین کی تقرری کا حکم نامہ عدالت نے جاری کیا ہے جو کہ عدالت ہائی کورٹ کے آرڈر پر چھ لوگوں کو رکھا گیا ہے اور اس کے علاوہ تین کلاس فور ایسے ہیں جو کہ تقرری ان کی باقاعدہ روزگار محکمانہ سلیکشن کمیٹی کے ذریعے کی گئی ہے (تفصیل لف ہے) اور میں یہ بھی بتاتا چلوں، میں چونکہ خود بھی کوہاٹ سے تعلق ہے میرا۔ میرا ابھی یہ خیال تھا کہ اس میں کہیں اور ڈسٹرکٹ کے لوگ بھرتی ہوئے ہیں لیکن جو میں نے ریکارڈ چیک کیا تو سب کے سب کوہاٹ ضلع کے باقی تین جو Appoint ہوئے ہیں، ضلع کوہاٹ سے ان کا تعلق ہے تو تفصیلاً جواب موجود ہے اس میں۔ یہ دونوں Connected Questions ہیں۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, okay ji. Next Question, Izaz-ul-Mulk Sahib. Not present, it lapses. Again Izaz-ul-Mulk Sahib, not present, it lapses. Next Najma Shaheen Bibi!

* 4944 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر سوشل ویلفیئر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں دستکاری سکولز کام کر رہے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ میلینئم سنٹر کوہاٹ میں بھی دستکاری سکول کام کر رہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کوہاٹ میں کتنے دستکاری سکولز کام کر رہے ہیں۔

سوشل ویلفیئر کے تحت یتیم خانے اور دیگر منصوبے مثلاً لیاقت ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں عوامی سرائے کی موجودہ پوزیشن کیا ہے، نیز سال 14-2013 میں کوہاٹ میں کون کونسے منصوبے شروع کرنے کا پروگرام ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (سماجی بہبود)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، میلینئم سنٹر میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر انتظام کوئی دستکاری سکول کام نہیں کر رہا ہے۔

(ج) ضلع کوہاٹ میں سات عدد دستکاری سنٹرز ریگولر بنیادوں پر کام کر رہے ہیں جن میں دستکاری سنٹر پشاور چوک کوہاٹ، نصرت خیل ہنگو روڈ، گاؤں کاغذی لو، ہنگو روڈ شیر کوٹ، گاؤں بابری بانڈہ، بنوں روڈ خٹک کالونی اور رحمان آباد روڈ کوہاٹ شامل ہیں۔ کے ڈی اے کے علاقے میں ویلفیئر ہوم فعال ہے اور اس وقت میں بارہ بے گھر بچے زیر کفالت ہیں۔

عوامی سرائے لیاقت وومن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں فعال ہے، مالی سال 14-2013 کے دوران ضلع کوہاٹ کیلئے کوئی سالانہ ترقیاتی منصوبہ پیش نہیں کیا گیا۔

محترمہ نجمہ شاہین: کوئسچن نمبر 4994، یہ کوئسچن جب اسمبلی شروع ہوئی تھی تو اس وقت بھی میں نے کیا تھا۔ کوہاٹ جو لیاقت میموریل ہاسپٹل ہے تو اس میں ایم ایم اے کے دور میں ایک سرائے بنائی گئی تھی، وہاں پہ کوہاٹ جو سٹی ہے تو وہاں ارد گرد کے لوگ زیادہ آتے ہیں تو وہ سرائے جب سے قیام میں آئی ہے، جب سے بنی ہے تو اس پر پولیس ڈیپارٹمنٹ کا قبضہ ہے لیکن ابھی انہوں نے جو جواب دیا ہے، اس میں غالباً انہوں نے کہا ہے کہ یہ فعال ہے اور ڈیپارٹمنٹ کے انڈر ہے لیکن اب بھی اس میں پولیو کا کولڈ روم بنا ہوا ہے اور ایک کمرہ جو ہے وہ پولیس والوں کے پاس ہے۔ ایک کمرہ انہیں دیا گیا ہے، وہ بھی اوپر فلور پہ جو کہ عارضی طور پہ صرف رات کو لوگ سرائے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ پوری جو بنی ہوئی ہے نا جتنی بھی ہے یہ سرائے، اس میں سے صرف ایک کمرہ جو ہے تو وہ ابھی ڈیپارٹمنٹ نے واپس لیا ہے، وہ بھی چند مہینے پہلے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سکندر شیر پاؤ صاحب!

جناب سکندر حیات خان {سینیئر وزیر (سماجی بہبود)}: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ شکریہ بی بی۔ بی بی! جہاں تک آپ کہتی ہیں کہ فعال ہے تو فعال کا تو مطلب یہ ہے کہ چل رہا ہے، اس میں جب آپ خود کہہ رہی ہیں کہ ایک کمرہ ہے اور اس میں وہ ہو رہا ہے تو وہ آپ کی بات اس لحاظ سے کہ فعال ہی ہے۔ باقی جہاں تک پولیس کا وہ ہے اور جہاں تک پولیو کا وہ ہے تو بعض اوقات چونکہ پولیو بھی اس وقت ایک Priority ہے گورنمنٹ کی اور بعض اوقات سیکورٹی کا بھی چونکہ پورے صوبے میں ایک ایشو بنا ہوا ہے تو اس وجہ سے ان کو ہم Priority دیتے ہیں کہ ان کو بعض جگہوں میں اگر ضرورت پڑے تو ہم اپنی Facilities provide کرتے ہیں لیکن پھر بھی ہم یہ دیکھیں گے کہ اگر ان کو ضرورت نہ ہو تو ہم ان کو ریکویسٹ کریں گے کہ وہ جگہ خالی کریں اور اس کو مزید فعال کر دیں گے۔ اگر آپ چاہیں تو آپ وزٹ بھی کر لیں، میں وہاں پر ڈسٹرکٹ آفیسر کو بھی کہوں گا، آپ کے ساتھ جائے گا اور جس طرح آپ کہیں گی اس طریقے سے اس کے اوپر عمل ہو گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: یہ ڈیپارٹمنٹ والوں نے ابھی اس پہ کوشش کی ہے، یہ آپ کے علم میں ہو گا تو انہیں صرف ایک روم ملا ہے وہ بھی چند مہینے ہوئے ہیں۔ پچھلے دس سالوں سے یہ قبضہ ہے ان کا، پولیس والوں کا اور دوسرا میں نے دستکاری سکولوں کے بارے میں پوچھا ہے جو آپ نے یہاں بتایا ہے 14-2013 میں، وہ تو چلو ٹھیک ہے کام کر رہے ہیں لیکن یہاں میں صرف پوچھنا یہ چاہ رہی ہوں کہ ایک سال ہوا یا دو سال تو نوٹیفیکیشن اس کا جاری ہوا ہے جو ہم فیمیلز کو دیئے گئے، پھر اس کے بعد تمام میلز کو بھی یہ دستکاری سکولز دیئے۔ میں صرف اپنے علاقے کی بات کروں گی کہ میرے خیال میں چھ مہینے ہوئے ہیں کہ اس کا جو سٹاف ہے، اس کا نوٹیفیکیشن ہوا ہے اور باقاعدہ طور پر وہ آ کے وہاں پر کام کر رہے ہیں جو میرے علاقے میں جو میں نے اس دستکاری سکول کا وہ افتتاح کیا ہے تو اس میں پہلے ہی دن پہلے ہی ہفتے جو ہے تو پچاس ساٹھ لڑکیاں آئی ہیں لیکن ابھی تک وہاں، نہ مشین ہے، نہ وہاں کوئی فرنیچر ہے، کچھ بھی نہیں ہے تو وہ صرف ویسے ہی آتی ہیں اور چلی جاتی ہیں۔ ابھی میٹرک کے Exam کے بعد اس میں تعداد اور بھی زیادہ ہوئی ہے اور آگے چھٹیوں

میں اور بھی زیادہ تعداد ہونے کا وہ ہے تو یہ فنڈ آپ کے پاس نہیں ہے یا کیا مسئلہ ہے کہ مشینری وہاں پہ بالکل نہیں آرہی؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سکندر شیر پاؤ صاحب!

سینیئر وزیر (سماجی بہبود): بی بی! جہاں تک دستکاری سنٹرز کی بات ہے، یہ کوہاٹ میں پانچ دستکاری سنٹرز جو ہیں وہ Under یہ سکیمز جو ہیں وہ کئے گئے ہیں، اے ڈی پی سکیم کے تحت بنائے گئے ہیں۔ اس میں جو ریکروٹمنٹ کا پراسیس ہے وہ کمپلیٹ ہو چکا ہے۔ بعض جگہوں میں پروکیورمنٹ کا پراسیس جو ہے وہ تھوڑا لمبا ہوا ہے، اس میں کچھ ایشوز آرہے ہیں لیکن وہ بھی جلد سے جلد ہم پورا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور ان شاءاللہ جلد وہاں پہ سامان بھی چلا جائے گا اور یہ فنکشنل پورے ہو جائیں گے۔ یہ سکیم ویسے تھی 14-2013 کی لیکن بعض وجوہات کی بناء پہ یہ سٹارٹ نہ ہو سکی تھی اور ابھی ہماری Efforts کی وجہ سے اس میں یہ ریکروٹمنٹ بھی ہو گئی ہے اور پروکیورمنٹ کا پراسیس اس وقت جاری ہے، جلد سے جلد ہم کوشش کریں گے کہ یہ سنٹرز آپ کے چالو ہو جائیں جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: یہ پچھلے میرے خیال میں چار پانچ مہینے سے ہم یہی سنتے آرہے ہیں کہ جلد سے جلد ہو جائے گا لیکن ابھی تک اس میں کوئی پیشرفت نہیں ہو رہی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نجمہ بی بی! تھینک یو، فلور پر تو آج کہہ دیا ہے اور انہوں نے فلور آف دی ہاؤس پہ Agree کر دیا ہے، تھینک یو ویری مچ نجمہ بی بی۔ اوکے، یہ جو ہے جعفر شاہ صاحب کا جو کوسچن ہے 5061، وہ ذرا انہوں نے معذرت کی ہے، جعفر شاہ صاحب موؤر ہیں، اس نے کہا ہے کہ اس کو پینڈنگ رکھیں، May be اس میں کچھ ٹیکنکل وہ تھا کہ وہ جواب نہیں دے سکا اس کا تو انہوں نے ریکویسٹ، اوکے، جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: میڈم تھینک یو ویری مچ۔ منسٹر صاحب نے میرے ساتھ بھی رابطہ کیا ہے، یہ سوال میں نے پوچھا تھا جی سی پیک کے حوالے سے جو اہم پراجیکٹ ہمیں ملا ہے گدھوں کے ایکسپورٹ کا، (قہقہہ) It is a very important project Madam، اس میں میری یہ گزارش محکمے

سے ہو گی، لاء منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، ایک تو میں نے سوال پوچھا ہے کہ کتنے گدھے ایکسپورٹ ہم کریں گے ؟ ابھی میں نے سنا ہے میڈم ! کہ اس میں پنجاب کی حکومت کی طرف سے سازش ہو رہی ہے اور وہ وہاں سے گدھے چوری چھپکے یہاں پہ لاکے تو یہاں سے ایکسپورٹ کریں گے تو اس میں بڑا نقصان ہو گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں ایک آرٹیکل آج پڑھ رہا تھا میڈم سپیکر ! 'نیوز' اخبار میں ہے "Thick skin trade" اور اس میں اس کی بہت بڑی Importance ہے، اس سے میڈیسنز بھی بناتے ہیں اور یہ بہت ایسی ٹیکنالوجی ہے کہ ہم چائنا کو ریکویسٹ کریں کہ وہ ٹیکنالوجی بھی ہمیں ٹرانسفر کرے تاکہ ان گدھوں سے فائدہ ہم اٹھا سکیں اور تیسری میری بات یہ ہو گی کہ اس کیلئے الگ ڈائریکٹوریٹ چاہیئے کیونکہ یہ بہت Important business ہے۔ تھینک یو۔ (قہقہہ)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، جعفر شاہ تھینک یو۔

ایک رکن: ضمنی سوال۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں، اس پہ نہیں ہو سکتا کوئسچن، Because یہ کوئسچن آیا ہی نہیں ہے۔ جعفر شاہ تو تھے۔

جناب جعفر شاہ: میڈم !

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپ کا تو ٹھیک ہے، As long as آپ کا سپلیمنٹری نہیں ہو سکتا۔ تھینک یو ویری مچ۔ اوکے جی، اس پہ سپلیمنٹری نہیں ہو سکتا، کوئسچن کا جواب نہیں آیا۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

4974 _ جناب اعزازالملک: کیا وزیر لائیو سٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں ضلع دیر پائیں حلقہ PK-95 میں اچھی کیٹل فارمز بنائے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فارمز میں گائیں موجود ہیں جس سے دودھ کی فروخت کی جاتی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ضلع دیر پائیں حلقہ PK-95 میں کل کتنے اچھئی کیٹل فارمز بنائے گئے ہیں، مذکورہ فارمز کیلئے اس وقت کل کتنی گائیں کس قسم کی فراہم کی گئی تھیں، اب کتنی گائیں اور بچھڑے موجود ہیں، ہر فارم کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ فارمز سے دودھ کی پیداوار اور اس سے حاصل ہونے والی رقم اور اخراجات کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؛

(iii) مذکورہ فارمز میں تعینات عملہ کے نام، گریڈ اور تعیناتی کی تاریخ گریڈ وائز فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیوسٹاک): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں ضلع دیر پائیں حلقہ PK-95 میں طور کیمپ منڈا کے مقام پر ایک اچھئی کیٹل فارم بنایا گیا ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فارم میں گائیں موجود ہیں جس سے دودھ کی فروخت کی جاتی ہے۔

(ج) (i) PK-95 میں صرف ایک اچھئی کیٹل فارم طور کیمپ منڈا دیر لوئر کے مقام پر بنایا گیا ہے جس کیلئے کل درج ذیل 110 جانور خریدے گئے جو کہ سارے اچھئی نسل کے تھے۔

(1) سانڈ بیل 15 (2) گائے 40 (3) بچھڑے 55

نیز فارم پر اب موجود جانوروں کی تعداد ذیل ہے جبکہ پچھلے تین سالوں میں 81 اضافی جانوروں کو نیلام کر دیا گیا ہے۔

(1) بیل 5 (2) گائے 47 (3) بچھڑے 46

(ii) اچھئی کیٹل فارم کے پچھلے تین سالوں کی آمدن اور اخراجات کی تفصیل الگ الگ درج ذیل ہے:

سال	خرچہ	آمدن
2013-14	Rs.21552000/-	Rs.135000/-
2014-15	Rs.7489000/-	Rs.836000/-
2015-16	Rs.9752000/-	Rs.1354000/-

نوٹ: اچھئی گائے جو کہ اچھی خصوصیات پر مشتمل ہے، اس نسل کو بچانے اور اس کے استعدادی خصوصیات کو بڑھانے کیلئے فارم قائم کیا گیا ہے تاکہ یہ نسل ختم ہونے سے بچایا جاسکے۔ اس میں افزائش نسل کیلئے اچھے سانڈ پیدا کرنا مقصود ہے تاکہ ملاکنڈ ڈویژن اور اس کے ملحقہ علاقوں میں اس نسل کو بڑھایا جائے۔

(iii) اچینی کیٹل فارم میں تعینات عملہ کے نام بمع گریڈ اور تاریخ تعیناتی کی لسٹ درج ذیل ہے:

نمبر شمار	نام	عہدہ	گریڈ	تاریخ تعیناتی
01	ڈاکٹر حسن خان	ڈپٹی ڈائریکٹر	18	01/08/2012
02	ڈاکٹر سید الاابرار	لائیوسٹاک پروڈکشن آفیسر	17	01/09/2016
03	جناب نورالاسلام	آفس اسسٹنٹ	16	01/07/2014
04	محمد یار	اکاؤنٹنٹ	14	01/11/2011
05	مظفر خان	نائب قاصد	03	05/12/2014
06	عبدالامین	نائب قاصد	03	05/12/2014
07	فواد خان	نائب قاصد	03	05/12/2014
08	فرید	چوکیدار	03	05/12/2014
09	شکیل احمد	چوکیدار	03	05/12/2014
10	امن سید	کیٹل اٹینڈنٹ	03	05/12/2014
11	عامر سلطان	کیٹل اٹینڈنٹ	03	05/12/2014
12	عمر دراز	ملک مین	03	05/12/2014
13	عبدالحکیم	سویپر	03	05/12/2014
14	حبیب اللہ	سویپر	03	05/12/2014
15	ابراہیم	گراس کٹر	03	05/12/2014
16	عجب خان	نائب قاصد	03	12/02/2015
17	محمد نبی	نائب قاصد	03	12/02/2015
18	مقصود خان	نائب قاصد	03	12/02/2015
19	حضرت اللہ	کیٹل اٹینڈنٹ	03	05/01/2016
20	محمد خان	کیٹل اٹینڈنٹ	03	05/01/2016

21	سید نواب	ملک مین	03	05/01/2016
22	ضیاءالرحمان	ملک مین	03	05/01/2016
23	محمد شاہ	ملک مین	03	05/01/2016

4975 _ جناب اعزازالملک: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہر سال سرکاری کالونیوں میں گھروں کی تزئین و آرائش اور مرمت کیلئے پراونشل بلڈنگ مینٹی ننس سیل کو فنڈ جاری کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران تمام سرکاری کالونیوں کے گھروں کی تزئین و آرائش اور مرمت کیلئے دیئے گئے فنڈ کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔ نیز مذکورہ رقم کن افسران/وزیر صاحبان کے دستخطوں سے منظور کیے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) آیا محکمہ مذکورہ فنڈ کی باقاعدہ، شفاف استعمال، جعلی پی سی ون کی روک تھام اور خورد برد سے بچانے کو یقینی بنانے کیلئے پی بی ایم سی کے ساتھ محکمہ انتظامیہ، انٹی کرپشن واحتساب کمیشن کو جاری رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے تاکہ قومی پیسہ سرکاری گھروں پر صحیح طریقے سے خرچ ہو سکے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) گزشتہ تین سالوں کے دوران تمام سرکاری کالونیوں کے گھروں کی تزئین و آرائش اور مرمت کیلئے دیئے گئے فنڈ کی تفصیل درج ذیل ہے۔ نیز کوارٹر/بنگلہ کے حساب سے خرچہ کی تفصیل محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے پاس ہوتی ہے۔ مذکورہ رقم کی منظوری کی تفصیلات بھی محکمہ سی اینڈ ڈبلیو سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

Statement showing details of funds released for M&R of residential Colonies to C&W/PBMC.

Name of Colony	Years		
	2013-14	2014-15	2015-16
Civil Colony Warsak Road	56.34	24.725	13.165
Civil Colony-1 Kohat Road	12.974	14.707	---
Civil Colony-2 Kohat Road	---	3.108	0.302
Civil Quarters Kohat Road	73.026	66.488	20.742
Dabgari Gate	15.906	11.209	---

Fort-SAQ Road.	62.884	27.964	22.577
Guner Lane	---	6.435	8.216
Gulshan Rehman	1.627	5.821	8.51
Hashtnagri Gate	9.311	7.757	---
Hayat Abad.	11.429	16.765	11.428
Jail Road	3.811	2.563	0.584
Khyber Colony	8.804	7.793	4.567
Mall Road	---	---	1.553
NC Flats.	4.018	14.676	5.052
Old Jamrud Road	10.492	7.639	8.357
Park Lane	7.353	---	1.512
Race Course	4.1	1.994	3.902
Total	282.075	219.644	110.467.

(ii) یہ کام محکمہ مواصلات و تعمیرات کے دائرہ اختیار سے متعلق ہے اور وہی اس کا بہتر جواب دے سکتے ہیں۔

اراکین کی رخصت

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: یہ کچھ Leave applications ہیں: راجہ فیصل زمان؛ عارف یوسف صاحب؛ اعظم خان درانی؛ افتخار مشوانی؛ جمشید خان مہمند؛ منور خان ایڈوکیٹ؛ اعزاز الملک افکاری؛ ارشاد خان؛ الحاج صالح محمد خان؛ مسماۃ نرگس بی بی؛ فضل حکیم خان؛ خاتون بی بی؛ Leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: The leave is granted.

<u>مفتی سید جانان</u>: میڈم سپیکر!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: پوائنٹ آف آرڈر؟

<u>مفتی سید جانان</u>: جی۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Just one minute.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Call Attention No. 07. Sardar Zahoor Ahmad, MPA, to please move his Call Attention Notice No. 1165. Sardar Zahoor Sahib!

سردار ظہور احمد: تھینک یو میڈم سپیکر۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ترقی کے نام پر خیبر پختونخوا حکومت نے قومی تعلیمی نصاب میں تبدیلی لائی ہے جو کہ سراسر مغربی ایجنڈے کی تکمیل ہے جس میں نہ صرف پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کو پائمال کیا گیا بلکہ اسلامی نظریات، اقدار، روایات اور مقامی تہذیب و تمدن کو بھی مسخ کرنے کی گھناؤنی کوشش کی گئی۔ (ESRU) ایجوکیشن سیکٹر ریفارمز یونٹ کے نام خیبر پختونخوا حکومت کو یورپی امدادی اداروں کی طرف سے خطیر رقم فراہم کی جارہی ہے جس سے کتابوں کی مفت فراہمی کے علاوہ تبدیلی نصاب کے ایجنڈے پر بھی عمل کیا جارہا ہے جس سے نصاب کو یورپی امدادی اداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے جس سے کے پی کے کی نئی نسل اسلام کے آفاقی تصور، نظریہ پاکستان اور اپنے دینی اور روحانی ورثے سے نابلد اور ذہنی طور پر مغرب کی غلام بن کر رہ جائے گی۔ نصاب میں تبدیلی کے اس مغربی ایجنڈے کی تکمیل درحقیقت پاکستان کی شکست ہے جس سے پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کو پاش پاش کیا جائے گا، لہذا اس نصاب تعلیم کو یکسر ختم کر کے سابقہ نصاب تعلیم کو من و عن بحال کیا جائے تاہم اگر کمی بیشی ناگزیر ہو تو اسلامی نظریات، اقدار، روایات اور مقامی تہذیب و معاشرت کو مد نظر رکھ کر تبدیلی کی جائے۔

میڈم سپیکر! دو چیزیں یہ جو باتیں میں نے اسمبلی فلور پر کی ہیں، ان کو کچھ Prove کرنا بھی ضروری ہے۔ میں اس سلسلے میں ایک بات ضرور کروں گا کہ برطانوی پارلیمنٹ کے ممبر تھے لارڈ میکالے، انہیں حکومت برطانیہ نے ہندوستان بھیجا مشن پہ کہ جا کر آپ ہندوستان کا وزٹ کریں اور ایسی قابل عمل تجاویز پیش کریں کہ ہم اس کی روشنی میں ہندوستان کے بارے میں بہتر فیصلے کر سکیں، چنانچہ 2 فروری 1835 کو انہوں نے، لارڈ میکالے نے برطانوی پارلیمنٹ کے سامنے اپنی رپورٹ کچھ یوں پیش کی۔ "میں نے ہندوستان کے طول و عرض کا دورہ کیا۔ میں نے ایک شخص بھی ایسا نہیں پایا جو گداگر ہو، جو چور ہو۔ ایسی اعلیٰ اخلاق، اخلاقی اقدار، ایسی قابلیت، ایسی صلاحیت کہ میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ کس طرح ہم نے اس ملک کو فتح کر لیا اور جب تک ہم اس قوم کی ریڑھ کی ہڈی جو کہ اس کی روحانی اور ثقافتی ورثہ ہے کو تباہ و برباد نہ کر دیں۔ اسلئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ اس قوم کے قدیم نظام تعلیم کو تبدیل کر دیا جائے کیونکہ اگر ہندوستانی یہ سوچنے لگیں کہ وہ سب کچھ جو کہ مغرب اور انگریزوں کا ہے، وہ ان کے اپنے سے بہتر اور عظیم

ہے تو وہ اپنی عزت نفس اور آبائی ثقافت پر فخر سے محروم ہو جائیں گے اور اس طرح بن جائیں گے جیسے ہم چاہتے ہیں، یعنی حقیقی معنوں میں ایک غلام قوم"۔ میڈم سپیکر! آج بھی اس لارڈ میکالے کے ایجنڈے کی روشنی میں مغرب آج بھی اس مسلمانوں کی نئی نسل کو حقیقی معنوں میں غلام بنانے کیلئے ترقی وامداد کے نام پر اپنی کارروائیوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں جس کی واضح مثال کتابوں کی مفت فراہمی کی آڑ میں نصاب تعلیم میں تبدیلی ہے۔ ای ایس آر یو کے نام خیبر پختونخوا حکومت کو یورپی اداروں کی طرف سے خطیر رقم مل رہی ہے، اس کے ساتھ ساتھ نصاب میں ہونیوالی تبدیلیوں کی ایک جھلک میں ضرور دکھانا چاہوں گا۔ میرے ایوان کے یہاں معزز ممبران بھی بیٹھے ہیں۔ دو چار کتابوں کی میں مثال ضرور دوں گا اور یہ بھی کہوں گا کہ اس اہم مسئلے کو اتنے حساس نوعیت کے مسئلے کو سٹینڈنگ کمیٹی میں لایا جائے تاکہ اس پر تفصیلاً بحث بھی ہو سکے اور اس پر جو عوام کے تحفظات ہیں، جو کے پی کے کے عوام کے تحفظات ہیں ان کو دور کیا جائے۔ جیسے ہماری پرانی کتاب، جماعت اول کی پرانی کتاب تھی، اس میں Lesson تھا "ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ" صفحہ 27 کے پہلے پیراگراف میں جملہ، "آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا" موجود ہے جبکہ ہماری نئی کتاب 17-2016 میں "آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا" حذف کر دیا گیا ہے، یہ کس کے ایجنڈے پہ کام ہو رہا ہے، یہ تو تحفظ ختم نبوت کی بات ہے، یہ تو ناموس رسالت کی بات ہے۔ میڈم! اسی طرح دوسرا Lesson تھا "قرآن" صفحہ نمبر 50 پہ پرانی کتاب میں اور ایک اور Lesson، دو اور تھے Lessons، ایک ہے "بس اللہ کے نام نماز پڑھو" جبکہ نئی کتاب میں یہ اسباق حذف کر دیئے گئے ہیں، پرانی کتاب میں اسباق کی تعداد تیس تھی جبکہ نئی کتاب میں اسباق کی تعداد پندرہ ہے، یہ اول کلاس کی ہے۔ دوئم کلاس میں ہمارا Lesson تھا، دوئم کلاس کی جو اردو کتاب ہے، اس میں "ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی پیاری باتیں، حضرت ابوبکر صدیق، ہمارے قائد اور پاکستان، آج کا سفر، حضرت عمر فاروقؓ، دعا کی نظم" یہ ختم کر کے اس کی جگہ "بنیادی پیشے، کھیلوں کی اہمیت، ریل گاڑی کی کہانی، نہروں کی کہانی، یادگار سفر، تصویری کہانی" یہ کلاس دوئم کی اردو کتاب، یہ میں دو چار کتابوں کا ضرور میں اپنے معزز ایوان کے سامنے لاؤں گا چند باتیں، اسی طرح عربی کی ہماری آٹھویں کلاس کی کتاب۔۔۔۔

(شور)

سردار ظہور احمد: میں توجہ چاہوں گا معزز ایوان کی۔

Madam Deputy Speaker: Please, order in the House, please.

سردار ظہور احمد: عربی کی ہماری ہشتم کلاس کی جو پرانی کتاب ہے، اس میں سبق تھا "الزوجہ سیدہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، حضرت عمر، العدل عمر، المعلم المجاہد، العمران المزاری، مسلمان سائنسدان، سورہ یوسف بمع ترجمہ، سورہ یاسین بمع ترجمہ، سورہ حجرات بمع ترجمہ، سورہ واقعہ بمع ترجمہ"۔ اسی طرح ان کو ختم کرکے اس کی جگہ "صوبہ سندھ، موسم سرما، ملتان شہر، ایک مقالمہ ہے اس میں، شمالی علاقہ جات، سابق مؤرخ، شادی کی تقریب، سردی، ملی نغمہ، معذوروں کے اداب، تاریخی شخصیت، پھل"، یہ Lessons اس میں جو ہیں نا، چینج کرکے یہ کردیئے گئے۔ اسی طرح انگلش کی ہماری آٹھویں کلاس کی جو پرانی کتاب ہے اس میں Lesson تھا "Prophet Muhammad piece be upon him, a model of truth, and honesty"، اس کی جگہ "A generous deed"، یہ سبق حاتم طائی کی سخاوت کے بارے میں ہے کہ کس طرح وہ اپنی قیمتی گھوڑے کو مہمان نوازی کی خاطر ذبح کرتا ہے۔ اسی طرح دوسرا Lesson ہمارا تھا "Knowing about Dr. Allama Iqbal and our National Hero"، اس کی جگہ "Gulliver's in a new world"، یہ سابق انگریزی مصنف تھا Jonathan Swift، اس کے فرضی سفرنامے، سفرنامے کے فرضی کردار Gulliver's کے بارے میں ہے، یہ نئی کتاب ہے۔ اسی طرح ہماری پرانی کتاب تھی، پانچویں کلاس کی کتاب تھی اردو کی کتاب، اس میں Lesson تھا "حضرت عائشہ صدیقہ، در گزر" نظم تھی۔ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، قائداعظم محمد علی جناح، میرا خدا، رابعہ بصری، مجاہد اسلام، حضرت حولہ، میجر عزیز بھٹی شہید، دو کمسن مجاہد، محمد بن بختیار خلجی، سانچ کو آنچ نہیں، سعودی عرب، عجب خان آفریدی" اور دعا تھی، لب پہ آتی ہے "اس کی جگہ نئی کتاب ہماری 2016-17 میں "سکاؤٹنگ، ہمارے پیشے، مردوں کا ٹیلہ، پاکستانی مسیحا، ماحول کی آلودگی"، پرانی کتاب میں 38 اسباق تھے جبکہ نئی کتاب میں 21 اسباق ہیں۔ اسی طرح میڈم سپیکر! ہماری معاشرتی علوم کی پانچویں کلاس کی کتاب تھی، اس میں Lessons تھے "حضرت خدیجتہ الکبریٰ، حضرت فاطمہ، حضرت امام حسین، محمد بن قاسم، محمود غزنوی، اورنگزیب عالمگیر، شاہ ولی اللہ، ٹیپو سلطان، سرسید احمد خان، سید جمال الدین افغانی، مولانا عبیداللہ سندھی، ڈاکٹر محمد اقبال، قائداعظم محمد علی جناح"، اس کی جگہ "نیلسن

منڈیلا"، نئی کتاب میں "نیلسن منڈیلا، کارل مارکس، مارکوپولو، ابن بطوطہ، واسکوڈے گاما، نیل ارمسٹرانگ۔۔۔۔۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: سردار ظہور احمد صاحب! تھینک یو، آپ نے بہت ہی Detailed, really we appreciate it کہ آپ نے بہت سٹڈی کی ہے، We appreciate that, let see what Atif Sahib is saying, let see. I know you got a big book, we appreciate it what you have done.

<u>سردار ظہور احمد</u>: میڈم! بس ایک بات اور کرنی ہے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: اوکے، سردار ظہور ایک منٹ اور بولنا چاہتے ہیں، اوکے۔

<u>سردار ظہور احمد</u>: لیکن اس میں چند چیزیں یہ ہیں، اقوام عالم کی عروج وزوال کی ساری تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ تعلیمی ادارے، تعلیم، طالب علم اور اساتذہ انقلاب سازی میں سب سے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جس قوم کی تعلیمی اداروں میں اپنی تاریخ سے اشنائی کے بل بوتے پر طلباء کی تربیت کی جاتی ہے، وہ قومیں عروج کے منازل طے کرکے اپنی منزل تک جا پہنچتی ہیں۔ میڈم! اسی طرح، سوری، مختلف این جی اوز کو تعلیمی نظام کا جو اختیار دے رکھا ہے، اس کی رسائی تمام شعبوں تک پہنچ چکی ہے جن میں سمریز تیار کرنا، بریف تیار کرنا، Write-up تیار کرنا، Report writing, minutes of the meeting, comments on various nature of topics, budget speech, proposal for the ADP, working paper, drafts نوٹیفیکیشن کے ڈرافٹ تیار کرنا، ہر چیز تک رسائی پہنچتی ہے۔ یہ ہم کیا کررہے ہیں میڈم سپیکر! اس اہم مسئلے کو سٹینڈنگ کمیٹی میں لایا جائے۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Let see, what the Minister says? Ji Meraj Bibi!

<u>محترمہ معراج ہمایون خان</u>: ډیره مهربانی میډم سپیکر۔ منسټر صاحب خو به زیات تفصیلی جواب ورکړی خو زه خپل ورور ته، خپل آنریبل ممبر ته د دې باره کښې لږ خبرې کول غواړم۔ ایجوکیشن چې دے نو هغوی خبرې کوی د ایجوکیشن د فلاسفی خبره کوی چې زمونږه فلاسفی هغه راروانه ده، د انګریزانو د وخت نه راروانه ده چې کومه بالکل صحیح نه ده، مونږه Confusion create کړے دے، مونږه خپله ایجوکیشن فلاسفی Define کړې نه ده نو ځکه چې دے نو هغه ټول

مضمونونه چې دی، زمونږه ټول سبجیکټس چې کوم دی نو هغه اسلامیات ترینه جوړ شوے دے، که اردو ده، نو اردو اوس لینګویج دے، یو ادب دے، هغې کښې به اردو ښودلې کیږی، هغې کښې د حضور ﷺ نه علاوه مونږ سره ډیر Topics دی چې هغه به پکښې Introduce کیږی چې ادب ایزده کړی، غزل ایزده کړی، نظم ایزده کړی،آفسانه ایزده کړی، ناول ایزده کړی، د هغې د پاره به مونږه تیاروؤ، انګریزی ادب به انګریزی ادب ښائی، هغه به اسلامیات نه ښائی-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان! یاسین خلیل اینڈ محمود جان! پلیز Attention دے دیں اس کو، جواب کو۔

محترمہ معراج ہمایون خان: سائنس به سائنس ښائی جی، سائنس به عربی نه ښائی، سائنس به اسلامیات نه ښائی ،معاشرتی علوم د هغې دوه درې حصې دی، که مونږه صرف د خپل ملک خبرې کوؤ نو بیا به ورسره کوؤ، بیا به ورسره مونږه د ټول انډیا خبره کوؤ، د انډیا پاکستان چې شروع کښې د بدھ حکومت وو، د هندوانو حکومت وو، د مسلمانانو حکومت راغلے، بیا د انګریزانو حکومت راغلے نو هغه به ښایو، د ورلډ هسټری به مونږه ښایو نو هغه به د ورلډ هسټری کښې به د نیلسن منډیلا ذکر هم به راځی او د نورو مشرانو ذکر به هم راځی-----

Madam Deputy Speaker: Shah Farman Khan! I might ask you.
کیدے شی زہ تا تہ وایمہ چې جواب ورکړہ نو پلیز۔ اوکے۔

محترمہ معراج ہمایون خان: نو دلته کښې تعلیم خو مطلب دے، تعلیم خو مطلب دے چې زمونږه ماشومان زمونږه یوتھ چې لږ سوچ شروع کړی، هغوی د دنیا مقابلے ته تیار شی او هغوی لږ Questioning شروع کړی چې دا څه دی او څه نه دی؟ که مونږه هغوی محدود کوؤ چې بس صرف اسلامیات اووایئ، اسلامیات اووایئ، اسلامیات اووایئ، مونږه دا خو مدرسې نه دی دا سکولونه دی، د دې تعلیمی نظام د مدرسو نه جدا دے، د مکتب نه جدا دے۔ هلته کښې Purely religious ایجوکیشن دے، دلته کښې چې دے نو په دیکښې ادب دے، دیکښې میتھس دے، دیکښې انګریزی ده، دیکښې اوس ټیکنالوجی راغله، دیکښې معاشرتی علوم دے، دیکښې به Civics تیاروؤ مونږه، لیډرشپ له به ئې مونږه تیاروؤ، نو هغوی به بس صرف هغه دغه وي۔ د میکالے چې څو پورې خبره ده چې ما څومره

د میکالے بارہ کښې وئیلی دی، نو 1835 د دې خط نه زه ګنړم، یو خو دا دے هغه انګریزانو د دې د پاره نه وو رالیږلې چې تاسو لاړ شئ انډیا ته، پاکستان باره کښې، انډیا باره کښې مونږ ته دغه راکړه، هغه مجبوره شوی وو، د هغه پلار غریب وو، هغه مجبوره شوی وو د لږ وخت د پاره هغه درخواست کړے وو چې ما اولیږئ انډیا ته چې زه لږ پیسې اوګټم ځکه دا خو "سونے کی چړیا" وه، نو هغه د دې د پاره دلته کښې راغلے وو نو کونسل کښې ئے هغه ممبر کړے وو، ایجوکیشن کونسل کښې۔ میکالے مشهور دے د دې خط د پاره نه، دا خط ما نه دے کتلے چرته دا پکار ده چې پروډیوس شی ځکه چې بار بار دا خبره راځی، بار بار دا خبرې، میکالے مشهور دے په هسټری کښې، د 1823 د هغې سپیچ نه چې کوم کښې هغه پارلیمنټری ریفارمز Introduce کړی وو چې دا پارلیمنټری ریفارمز د راشی، د یوکے په پارلیمنټ کښې د هغه مشهورتیا هغه ده، هغه Educationist نه وو، هغه Reformist نه هغه سوشل ورکر نه وو چې هغه دا شانتې، هغه به ټهیک ده دا خط به ئے لیکلے وی چې دلته کښې داسې اوکړو خو هغه په دې باندې زمونږه د تعلیم نظام نه دے Based شوے، دا غلط کوی، ځو پورې چې سټینډنګ کمیټی ده، زه د منسټر صاحب توجه هم دې ته دغه کوم، دا سټینډنګ کمیټی کښې راغلی وو دا د ټیچرز ایسوسی ایشن، پرائیویټ ټیچرز ایسوسی ایشن، دا ټولې خبرې هلته کښې کړی وی او د هغې زما خیال خو نه دے چې دا د سټینډنګ کمیټئ ته لاړ شی او دا د ایجوکیشن ډیپارټمنټ ته پریږدئ، هلته کښې Educationists ناست دی، هلته سپیشلسټس ناست دی، هغوی زیات ښه پوهیږی چې د دې وخت تقاضا څه ده، زمونږه Requirements څه دی۔ تهینک یو جی۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: Ji, Meraj Bibi for such elaborate, thank you۔ جی آمنه بی بی، لطف الرحمان صاحب! آمنه بی بی ډیر وخت نه انتظار کوی، If you don't، اوکے څه You are the Leader of Opposition۔ لطف الرحمان صاحب!

<u>مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف)</u>: ډیره مهربانی ډپټی سپیکر صاحبه۔ ہمارے آنریبل ممبر سردار ظہور خان نے جو کوسچن اٹھایا ہے، وہ انتہائی ضروری ہے اور کسی بھی صورت میں یہ جو کچھ بھی

ہو رہا ہے، Day first سے ہمیں جو تشویش رہی ہے اور ہم نے ہمیشہ اس تشویش کا اس فورم پر اظہار کیا ہے اسمبلی کے فلور پر، اسی حوالے سے ہماری تشویش رہی ہے اور آج جس ڈیٹیل سے انہوں نے جو چیزیں بتائی ہیں، ہمیں منسٹر صاحب نے، بارہا اس حوالے سے سوالات ہوتے رہے ہیں اور انہوں نے یہ جواب دے کر کہ اس حوالے سے ہم کوئی تبدیلی نہیں کر رہے ہیں، ہم یہ نہیں کر رہے ہیں، یہ نہیں کر رہے ہیں لیکن اگر یہی کچھ ہونا ہے اور فلور آف دی ہاؤس منسٹر یہ کہے کہ ہم نے ایسی کوئی تبدیلی نہیں کی اور یہاں سے یہ چیز سامنے آرہی ہو کہ تاریخی اعتبار سے مسلمانوں کی تاریخ کے اعتبار سے، ان کے ہیروز کے اعتبار سے اگر ہم یہ تبدیلی لا رہے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ پھر تو اسی ایجنڈے کا کام ہے، اسی مغربی دنیا کے ایجنڈے کا کام ہے کہ اس پر عمل ہو رہا ہے۔ میں اس پر بھرپور طور پر یہ گزارش کروں گا کہ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ تفصیل سے اس پر ڈسکشن ہو اور اس کی اصل صورتحال سامنے آئے، گورنمنٹ کا سٹینڈ اور یہاں سے اپوزیشن کا سٹینڈ جو ہے وہ سامنے آئے اور اس پر بات ہو سکے تفصیل سے، کیونکہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے، سنجیدہ مسئلہ ہے، یہ ایک عام مسئلہ نہیں ہے کہ ہم اس کو ایسے ہی لے لیں اور اس پر درگزر کر لیں، صرف نظر کر لیں، ایسا نہیں ہو سکتا کسی بھی صورت میں، ہمیں بھرپور طریقے سے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ کمیٹی میں جائے اور اس پر ڈسکشن ہو، ڈیٹیل سے ڈسکشن ہو، اس کے بعد یہ چیز آنی چاہیئے۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو جی، آمنہ بی بی! یہ جو ہے تو کال اٹینشن ہے، اس پر یعنی Because Meraj Bibi Educationist تھیں اسلئے میں نے اس کو ٹائم دیا ہے، تو آمنہ بی بی! میں صرف آپ کو دو منٹ دیتی ہوں کال اٹینشن پر، Please why can not you people understand کہ کال اٹینشن پر ضمنی نہیں ہوتا، You are senior parliamentarians۔

<u>محترمہ آمنہ سردار:</u> میڈم! بہت شکریہ۔ جناب سپیکر صاحبہ! میں چونکہ رولز آف بزنس اینڈ پروسیجر پر کام بھی کر رہی ہوں اور میں بہت بھلے سے یہ جانتی بھی ہوں لیکن صرف یہاں پر کھڑے ہونے کا مقصد یہ تھا کہ میں یہی کہنا چاہ رہی تھی، تو اس کے اوپر ہم ایوان میں بحث کریں، اس کو ہم ایڈجرنمنٹ موشن کے طور پر لا کر تو ہم اس کے اوپر بحث کریں یا پھر میں Endorse کروں گی کیونکہ مولانا صاحب نے دریا کو کوزے میں بند کر کے بہت صحیح بات کر دی کہ جی آپ اس کو کمیٹی کو ریفر کر دیں تو میں Endorse کروں گی

Because میں چاہ رہی تھی کہ میڈم! میں Respond کروں لیکن اس سے بہتر ہے کہ Respond کرنے کی بجائے یہ سٹینڈنگ کمیٹی کی طرف چلا جائے۔ بہت شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، منسٹر صاحب۔

